Surah Al Qadr with Urdu Translation

Chapter 97 · 5 verses · Para 30 · Indo-Pak script with waqf signs

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

Verses 1 to 5

إِنَّآ أَنۡزَلۡنٰهُ فِيۡ لَيۡلَةِ الۡقَدۡرِ ۖ ۝١

ہم نے اس (قرآن) کو شب قدر میں نازل (کرنا شروع) کیا

وَمَآ أَدۡرٰىكَ مَا لَيۡلَةُ الۡقَدۡرِ ؕ ۝٢

اور تمہیں کیا معلوم کہ شب قدر کیا ہے؟

لَيۡلَةُ الۡقَدۡرِ ۙ خَيۡرٌ مِّنۡ أَلۡفِ شَهۡرٍ ؕ ۝٣

شب قدر ہزار مہینے سے بہتر ہے

تَنَزَّلُ الۡمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوۡحُ فِيۡهَا بِإِذۡنِ رَبِّهِمۡ ۚ مِّنۡ كُلِّ أَمۡرٍ ۛ ۙ ۝٤

اس میں روح (الامین) اور فرشتے ہر کام کے (انتظام کے) لیے اپنے پروردگار کے حکم سے اترتے ہیں

سَلٰمٌ ۛ هِيَ حَتّٰى مَطۡلَعِ الۡفَجۡرِ ۝٥

یہ (رات) طلوع صبح تک (امان اور) سلامتی ہے